نعرہ 400 پار کا 200 بھی پار نہیں کرسکیں گے: سرجے والا



شیموگہ(عبدالرزاق/سہارا نیوز بیورو) لوک سبھا انتخابات کرناٹک میں کانگریس پارٹی کو 20 نشستوں پر کامیابی حاصل ہوگی۔ یہ بات اے آئی سی سی جنرل سکریٹری اور کرناٹک کے انچارج رندیپ سنگھ سرجے والا نے کہی۔ جمعہ کو کانگریس بھون میں انڈیا اتحاد کی گارنٹی کارڈ تقسیم کی شروعات گارنٹی اتسوا کا افتتاح کرنے کے بعد اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے مزید کہا کہ ہم نے جو وعدہ کیا تھا اس کو نبھایا ہے۔ اسمبلی انتخابات سے قبل جب گارنٹی کارڈ کو تقسیم کیا جارہا تھا اس موقع پر سابق وزیراعلی یڈیورپا اور بی جے پی کے دیگر لیڈروں نے گارنٹی اسکیموں کا مذاق اڑایا تھا اور وزیراعظم نریندر مودی نے تو کرناٹک کو آ کر گارنٹی اسکیموں کا مذاق اڑایا۔ صرف دس ماہ بعد نریندر مودی کو کرناٹک کی گارنٹیوں کو چرانا پڑا۔ بار بار لفظ گارنٹیوں کا غلط استعمال کرنیوالے آج کرناٹک کی گارنٹیوں کو چرا لیا ہے۔ ریاستی حکومت کی پانچ گارنٹی اسکیموں سے لاکھوں فیملی کو فائدہ پہنچ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایف سی آئی میں چاول سڑ رہے ہیں لیکن کرناٹک کو چاول نہیں دئے گئے۔ نریندر مودی اور یڈیورپا نے چاول دینے پر روک لگادی۔ اسی وجہ سے کرناٹک کی کانگریس سرکار چاول کے بدلے پیسے دئے رہی ہے۔ نریندر مودی اور یڈیورپا نے کرناٹک کے غریبوں کے ساتھ ناانصافی کی ہے۔ مرکز نے گارنٹی اسکیموں کا اعلان کیا ہے جس کے تحت مہالکشمی گارنٹی کے تحت مستحقین ایک عورت کو ہر ماہ 8300 روپے دئے جائینگے اسی طرح ملک کے مستحق نوجوان کو ہر ماہ 8300 روپے کے حساب سے سال میں ایک لاکھ روپے دئے جائینگے۔ کسانوں کا قرضہ معاف کیا جائیگا اور ایم ایس پی جاری کیا جائیگا۔ ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ نریندر مودی کی تمام گارنٹی جمبو کی طرح ہیں۔ نعرہ 400 پار کا لیکن 200 بھی پار نہیں کرسکیں گے۔ ہبلی میں پیش آئے معاملہ پر پوچھے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملزم کو صرف چھ گھنٹوں میں گرفتار کرلیا گیا ہے۔ پولیس اپنے فرائض انجام دے رہی ہے۔ ملزم کیخلاف سخت کاروائی کی جائیگی۔ پریس کانفرنس میں وزیر تعلیم ہوبنگارپا، کانگریس ضلع صدر آر پرسنا کمار، منجوناتھ بھنڈاری۔ این رمیش، رمیش ہیکڑے، رکن اسمبلی بی کے سنگمیشور، گوپال کرشنا بیلور، لگوڑ رتناکر، انیل ٹڑکل، کلیم پاشاہ، چندر بھوپال، ایچ سی یوگیش، ایم شری کانت اور دیگر لیڈران موجود تھے۔

ووٹنگ میں بھرپور طریقے سے حصہ لیں اور اس معاملہ میں بالکل بھی غفلت نہ برتیں: الحاج نیاز پاشاہ



بنگلور۔ (پریس ریلیز) بنشنکری علاقے کی 35 مساجد کمیٹی کے صدر نیز انجمن اسلامیہ عیدگاہ بنشنکری بنگلور کے صدر ڈاکٹر الحاج نیاز پاشاہ نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ ریاست میں پہلے مرحلے میں 26 اپریل کو لوک سبھا انتخابات کیلئے پولنگ ہوگی۔ ہم سب کے لئے ضروری ہے ووٹنگ میں بھرپور طریقے سے حصہ لیں اور اس معاملہ میں بالکل بھی غفلت نہ برتیں۔ الحاج نیاز پاشاہ نے کہا ہے کہ چونکہ پولنگ جمعہ کے دن ہورہی ہے۔ اس لئے مساجد کے ذمہ داران اور ائمہ حضرات کو چاہئے کہ وہ ووٹنگ کی وجہ سے اس بات کا خیال رکھیں کہ نماز جمعہ کے معمولات کم وقت میں ادا کرلئے جائیں اور لوگوں کو پولنگ بوتھ پر جانے کی ترغیب دی جائے۔ اس سلسلہ میں مسلم نوجوانوں کو خاص طور پر اپنا کردار ادا کرنا ہوگا کہ وہ خود بھی پولنگ بوتھ جائیں دوسروں کو بھی آمادہ کریں اور خواتین جو ووٹ دینے کی اہل ہیں انہیں بھی بہرصورت پولنگ بوتھ تک لے جانے کا فریضہ ادا کریں۔ کیونکہ ہمارا ملک ایک جمہوری ملک ہے یہاں ایک ایک ووٹ کی بڑی قیمت اور اہمیت ہے۔ ایک ووٹ سے ہی ہار اور جیت ہوتی ہے۔ ایک ووٹ سے ہی حکومتیں بنتی ہیں اور اقتدار سے بے دخل ہوتی ہیں۔ اس وجہ سے ووٹ کی قدر و قیمت اور اہمیت کو جانیں اور ہر حال میں اپنا حق رائے دہی استعمال کریں۔ الحاج نیاز پاشاہ نے لوگوں سے اپیل کی کہ وہ معمولی مفادات کیلئے ووٹ کا سودا نہ کریں بلکہ ایسے امیدوار کے حق میں ووٹ کریں جو ملک وملت کیلئے فائدہ مند ہو۔ جو پارلیمنٹ میں آپ کے مسائل کو بہتر طریقے سے اٹھائے، اسے سلجھانے کی کوشش کرے۔ ملک سے نفرت وفرقہ پرستی کے خاتمہ میں معاون ومددگار ثابت ہوسکے۔ کیونکہ اگر ہم نے اس موقع کو غفلت میں گزار دیا تو ہمیں کف افسوس ملنا پڑے گا۔ اور بعد میں اس کے تدارک اور تلافی کیلئے ہمارے پاس کوئی موقع نہیں ہوگا۔ اس کا خمیازہ ہمیں اور پوری ملت کو بھگتنا پڑے گا۔

ویملواڑہ مین روڈ پر خطرناک گڑھوں سے لوگ حادثات کا شکار

کریم نگر (ایجنسیز) متحدہ ضلع کریم نگر میں ویملواڑہ مین روڈ کی اہم سڑک پر جو کہ مصروف ترین رام مندرم گلی کی طرف جانے والی سڑک پر بڑے بڑے گڑھے کئی مہینوں سے کھدے ہوئے ہیں لیکن حکام کی طرف سے کوئی توجہ نہیں دی جارہی ہے۔ قابل ذکر بات یہ ہے کہ پیدل چلنے والے اور دو پہیہ گاڑیوں پر سوار لوگ کھائی میں گر کر زخمی ہورہے ہیں اس کے باوجود حکام کوئی توجہ نہیں دیرہے ہیں۔ شری رام نومی تہوار کے موقع پر بڑی تعداد میں لوگ مندروں کی طرف جانے لگے اس دوران مندر جانے والے افراد کھائی میں گر گئے، جن کی ٹانگوں اور ہاتھوں میں چوٹیں آنے کے باعث انہیں ہسپتال میں داخل کردیا گیا۔ پیدل چلنے والے، دو پہیہ گاڑیاں اور کاریں ہر روز گزرتی ہیں۔

مستورات کیلئے اصلاحی بیان

بنگلور (پریس ریلیز) مدنی منزل گروپن پالیہ بنگلور بالمقابل الرحمٰن مسجد ٹمبر لائین میں بروز ہفتہ 20 اپریل 3:30 تا 4:30 بجے تک مستورات کا دینی اجتماع ہے مولانا انظر شاہ قاسمی کا بیان ہوگا خواتین سے شرکت کی درخواست ہے۔

(شعبہ نشرواشاعت صفہ مدرسہ)

سمر کراٹے ٹریننگ کیمپ سے استفادہ کرنے طلباء کو مشورہ

کنگ شوٹوکان کراٹے کلب کا 26 واں سمر ٹریننگ کیمپ۔ رکن اسمبلی کے ہاتھوں بروچر کی رسم اجرا

محبوب نگر (ایس این بی) ایم ایل اے ینم سرینواس ریڈی نے کہا کہ سمر کراٹے ٹریننگ کیمپ سے استفادہ کیا جانا چاہیے۔ ایم ایل اے ینم سرینواس ریڈی نے جمعرات کو ضلعی مرکز میں کنگ شوٹوکان کراٹے ڈو انڈیا کے زیراہتمام ضلعی مرکز میں اگلے ماہ کی 2 تاریخ سے منعقد کیے جانے والے 26 ویں موسم گرما کے مفت کراٹے تربیتی کیمپ کے بروچرس کی رسم اجرا کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ شوتوکان کلب کے بانی جہانگیر پاشاہ قادری الکاضمی کی قیادت میں 25 سال سے گرمیوں میں مفت کراٹے ٹریننگ کیمپس کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ قصبہ کے طلباء اور نوجوانوں سے کہا گیا کہ وہ کراٹے کیمپ میں شرکت کریں اور تربیت حاصل کریں۔ مشورہ دیا جاتا ہے کہ اس موقع سے فائدہ اٹھائیں اور اپنے دفاع اور فٹنس پر توجہ دیں۔ کنگ شوتوکان کے بانی جہانگیر پاشاہ قادری نے کہا کہ اس سال 26 واں سمر فری کراٹے ٹریننگ کیمپ مہاتما گاندھی روڈ اسکول، النور اسکول شاہ صاحب گٹہ میں اگلے مہینے کی 2 تاریخ سے 2 جون تک منعقد کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ روزانہ صبح 6 بجے سے 7.30 بجے تک کیمپ رہے گا اور کیمپ میں کراٹے، کک باکسنگ، جوڈو، باکسنگ، یوگا، سیلف ڈیفنس اور فزیکل فٹنس کی تربیت دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ تربیت کے بعد بیلٹ گریڈنگ کے ٹیسٹ کرائے جائیں گے اور سرٹیفکیٹ دیے جائیں گے۔ دیگر تفصیلات کے لیے نمبر 9849301171 پر ربط کرنے کی تجویز ہے۔ اس پروگرام میں ضلع والی بال ایسوسی ایشن کے نمائندے چناویرایا، سی جے بینہار، سعد اللہ جونیڈی، شانتھنا یادو، پروین کمار، کراٹے کے سینئر طالب علم عرش جمیل اور دیگر نے شرکت کی۔

ڈی سی سی بی میں چھوٹے ملازمین عدم تحفظ کا شکار

آؤٹ سورسنگ ملازمین کو اندرون دو ماہ گھر بھیجنے کا الٹی میٹم۔ حکمران قائدین کی ملازمین کو تائید

نلگنڈہ (ایجنسیز) ڈسٹرکٹ کوآپریٹیو سنٹرل بینک میں چھوٹے ملازمین عدم تحفظ کا شکار ہوچکے ہیں جو ملازمین پرامید کہ ان کی ملازمت مستقل ہوجائے گی وہ موجودہ ملازمت سے محروم ہونے کے خوف سے پریشان ہیں۔ ڈی سی سی بی کے تحت متعلقہ برانچوں، پی اے سی ایس اور ضلعی دفتر میں 120 ملازمین آؤٹ سورسنگ پر کام کررہے ہیں اور بعض ملازمین 20 سے 25 سال، کچھ 10 سے 12 سال اور 5 سے 7 سال سے کام کررہے ہیں لیکن کچھ دنوں سے وہ ملازمت کے تحفظ پر عدم اعتماد کا شکار ہورہے ہیں۔ ماضی میں چند ملازمین نے اپنی ملازمت کو مستقل بنانے کے لئے عدالت سے بھی رجوع ہوئے تھے جب کہ کچھ حکمران قائدین پر تکیہ کرتے ہوئے کام کو جاری رکھے ہوئے تھے لیکن مستقل ملازمت سے محروم ہونے کا خوف انہیں سائے کی طرح ستا رہا ہے۔ ڈی سی سی بی میں ایک اعلیٰ عہدیدار کے فیصلہ چھوٹے کارکنوں کو پریشان کررہے ہیں۔ بتایا جاتا ہے کہ الٹی میٹم بھی جاری کیا گیا ہے کہ دو ماہ کے اندر آؤٹ سورس ملازمین کو گھر بھیج دیا جائے گا جبکہ ڈی سی سی بی چیرمین مہندر ریڈی اور حکمران قائدین آؤٹ سورسنگ عملہ کی حمایت میں ہیں اور یہ بحث چل رہی ہے کہ متعلقہ عہدیدار کو ڈر ہے کہ عملہ کو ہٹا دیا جائے گا۔ مینجنگ کمیٹی کے حالیہ اجلاس میں بتایا گیا ہے کہ حکمران قائدین نے آؤٹ سورس عملے کو برطرف نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے لیکن یہ بھی معلوم ہوا ہے کہ عہدیدار کی یہ دلیل کہ آؤٹ سورسنگ عملے کی وجہ سے خزانہ پر بھاری بوجھ عائد ہورہا ہے جس سے ان کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔ اب یہ مسئلہ حکمران قائدین کو بھی حیران کردیا ہے۔ بینک کی 107 سالہ تاریخ میں اس نے 2300 کروڑ کا کاروبار کیا ہے۔ اس کے علاوہ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ یہ کہنا بے جانہ ہوگا کہ بینک منافع کی راہ پر ہوتے ہوئے آؤٹ سورسنگ ملازمین کو ہٹا دیا جائے گا۔ انہیں شکایت ہے کہ ڈی سی سی بی میں ایک نئی پالیسی لاگو کی جارہی ہے جو پہلے نہیں تھی۔ اب تو صورتحال یہ پیدا ہوگئی ہے کہ ڈی سی سی بی کے علاوہ ضلعی دفتر، پی اے سی ایس کے سی ای اوز، برانچ منیجرس اور اعلیٰ حکام کو بھی پی اے کے ذریعہ فائلوں کی جانچ کرنا پڑرہا ہے۔ کوئی بھی عہدیدار نے پہلے ڈی سی سی بی میں کام کیا ہے اس کے چیمبر میں ایک اٹینڈنٹ سے زیادہ کوئی ملازم نہیں ہوا کرتا تھا۔ اس کے لئے صرف ایک خصوصی پی اے مقرر کیا گیا تھا۔ یہ درست ہے کہ چند روز قبل حکمران جماعت کی جانب سے میٹنگ میں آؤٹ سورسنگ عملے کی برطرفی کا معاملہ زیر بحث آیا لیکن انہیں فی الحال نہ ہٹانے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

وزیراعلی کا دورہ محبوب نگر۔ ضلع ایس پی کا انتظامات کا معائنہ

محبوب نگر (ایس این بی) ریاستی وزیر اعلیٰ اینومولا ریونت ریڈی کے ضلع مستقر کے دورے کے دوران، ضلع ایس پی ہرش وردھن، آئی پی ایس، نے سبھا کے احاطے اور ریلی کے روٹ انتظامات کا معائنہ کیا گیا۔ بندوبست کے حوالے سے پولیس افسران کوئی ہدایات دی۔ اس موقع پر ایس پی نے برنداون گارڈن میں سیکورٹی عہدیداروں کو حفاظتی ہدایات جاری کیں۔۔ چیف منسٹر کے دورہ کے دوران عہدیداروں کو ہدایت دی گئی کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ عوام کو کسی قسم کی پریشانی نہ ہو، ٹریفک کا رخ موڑ دیا جائے اور پولیس صبر وتحمل اور ضبط سے کام لیں۔ ڈیوٹی افسران. پولیس افسران سے کہا گیا کہ وہ اس بات کو یقینی بنائیں کہ ریاست کے وزیر اعلیٰ کے دورہ کو بغیر کسی پریشانی اور آسانی سے پورا کریں۔ اس موقع پر ٹرینی آئی پی ایس چترنجن، ایڈیشنل ایس پی رامولو، انٹیلی جنس ایڈیشنل ایس پی بالاکوٹی اور پولیس عہدیدار موجود تھے۔

ظہیرآباد کانگریس امیدوار سریش شیٹکر کا پرچہ نامزدگی داخل

سنگاریڈی (ایس این بی) تلنگانہ میں پارلیمانی انتخابات کیلئے اعلامیہ جاری ہوگیا اور پرچہ نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا۔ متحدہ ضلع میدک میں دو پارلیمنٹ حلقہ میدک اور ظہیرآباد ہیں۔ حلقہ اسمبلی سنگاریڈی حلقہ پارلیمنٹ میدک میں آتا ہے اور حلقہ پارلیمنٹ میدک کے پرچہ نامزدگی کلکٹریٹ میدک میں داخل کئے جائیں گے۔ کلکٹر میدک حلقہ پارلیمنٹ کے رٹرننگ وضلع الیکشن آفیسر ہے۔ حلقہ پارلیمنٹ ظہیرآباد کے پرچہ نامزدگی کلکٹریٹ سنگاریڈی میں داخل کئے جائنگے۔ کلکٹر ضلع سنگاریڈی وی کرانتی ریٹرننگ آفیسر حلقہ پارلیمنٹ ظہیرآباد ہے۔ پرچہ نامزدگی واپس کرنے کی آخری تاریخ 29 اپریل ہے۔ 13 مئی کو رائے دہی اور 4 جون کو ووٹوں کی گنتی ہوگی۔ پرچہ نامزدگی داخل کرنے کے آج پہلے دن حلقہ پارلیمنٹ ظہیرآباد سے کانگریس امیدوار سریش شیٹکر کی جانب سے کانگریس قائدین نے کلکٹریٹ سنگاریڈی پہنچ کر ایک سیٹ پرچہ نامزدگی داخل کیا۔ پہلے دن صرف ایک ہی پرچہ نامزدگی وصول ہوئی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ بیشتر قائدین 20 اپریل کو پرچہ نامزدگی داخل کرینگے چونکہ پنڈتوں کے مطابق 20 اپریل کو نیک شگون کہا گیا ہے۔ حلقہ پارلیمنٹ میدک کیلئے بھی پرچہ نامزدگی کا ادخال شروع ہوگیا۔ 20 اپریل کے بعد انتخابی گہماگہمی میں اضافہ اور یکم مئی سے انتخابی مہم میں شدت پیدا ہونے کا امکان ہے۔ گرمی اور تیز دھوپ کا اثر مہم پر پڑھ سکتا ہے۔

سرکاری اسکولوں میں طلباء کے داخلوں میں اضافہ پر زور

ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر جگتیال کا بیان

کورٹلہ (ایس این بی) آئندہ تعلیمی سال سرکاری اسکولوں میں طلباء کے داخلوں کو بڑھانے کے سلسلے میں ایم پی پی ایس، اور ہائی اسکول ویلگنڈہ کے پرنٹ شدہ وال میگزین اور ہینڈ میگزین کو ڈی ای او جگتیال نے جاری کیے۔ اس کام کی انہوں نے کافی ستائش کی اور اساتذہ اور صدر مدرس کو مبارکباد دی۔ اس موقع پر ان کا کہنا تھا کہ تمام اساتذہ اور ہیڈ ماسٹر آئندہ تعلیمی سال کیلئے سرکاری اسکولوں میں طلبہ کے داخلے کیلئے خصوصی کوششیں کریں۔ انہوں نے کہا کہ اگر تمام اساتذہ مل کر کام کریں اور طلباء کی ترقی کیلئے کوشش کریں تو ہمارے سرکاری سکول ** میں داخلوں میں نمایاں اضافہ ہوگا اور انہیں ضلعی محکمہ تعلیم کا بھرپور تعاون حاصل رہے گا۔ اس پروگرام میں پی آر ٹی یو ٹی ایس جگتیال ضلع کے صدر اور جنرل سکریٹریز امرناتھ ریڈی، بوین پلی آنندراو، زیڈ پی ایچ ایس کے ویلگنڈہ کے ہیڈ ماسٹر چندر شیکھر ریڈی، ایم پی پی ایس کے صدر مدرس دشرتھ ریڈی اور اساتذہ سرینواس، کرن اور دیگر نے اس پروگرام میں حصہ لیا۔

محبوب نگر کے پارک میں مشتبہ حالت میں لڑکی کی نعش دستیاب

محبوب نگر (ایجنسیز) محبوب نگر شہر کے کے سی آر ایکو اربن پارک کے پوائنٹ ویو کے پاس جالی ہوئی حالات میں ایک لڑکی کی لاش دستیاب ہوئی جس کی اطلاع ملتے ہی رورل پولیس موقع واقع پہنچ کر لاش کا پنچنامہ کیا اور پولیس نے بتایا کہ وہاں موجود سی ٹی وی کیمرہ کی مدد سے بھی تحقیقات کی جائیگی اور پوسٹ مارٹم کیلئے لاش کو سرکاری دواخانہ محبوب نگر منتقل کیا جبکہ لڑکی کی عمر تقریبا 18 سال بتائی جارہی ہے لڑکی کی جسم پر رول گولڈ کی چین اور پاس میں واٹر باٹل دستیاب ہوا پولیس تحقیقات کررہی ہے کہ کیا یہ قتل ہے یا پھر خودکشی۔

جہیز کیلئے ہراسانی سے تنگ آکر نئی دلہن کی خودکشی

پرگی (ایجنسیز) شوہر اور سسرال والوں کی طرف سے مزید جہیز کیلئے ہراسانی سے تنگ آکر ایک دلہن نے خودکشی کرلی۔ منڈل میں غوث کی بیٹی شاہینہ بیگم (24) کی شادی اس سال 5 فروری کو پڈورو منڈل گونگوپلی کے محمد یوسف کے بیٹے رفیع سے ہوئی تھی جسے 8 تولے سونا، چاندی، نقدی اور سامان جہیز کے طور پر دیا گیا تھا جس کی کل مالیت 16 لاکھ بتائی گئی۔ شادی کے دو ماہ بعد سے ہی ہراسانی کا سلسلہ جاری رہا۔ شاہینہ بیگم شادی کے بعد دوبارا اپنے میکے کو گئی۔ سسرال والوں نے شوہر رفیع اور ان کے رشتہ داروں محبوب بی اور دیگر کے ساتھ مل کر اسے 50 لاکھ کا جہیز لانے کے لئے ہراساں کررہے تھے۔ شاہینہ کے گھر والوں اور رشتہ داروں نے ان سے سوال کیا کہ وہ اسے کیوں ہراساں کررہے ہیں جس کے بعد وہ پنچایت سے بات کرنے پر راضی ہوگئے۔ تاہم پیر کی رات کو شاہینہ نے بتایا کہ وہ پڑھنے کے لئے اوپر دھابہ پر جائے گی جہاں دیوار سے لٹک کر خودکشی کرلی۔ متوفی کی والدہ زینہ بیگم کی شکایت پر مقدمہ درج کرلیا گیا۔ ایس ایس آئی سنتوش نے بتایا کہ تفتیش جاری ہے۔

قومی شاہراہ کی توسیع میں زمین سے محروم متاثرین کو انصاف دلانے ڈاکٹر سنجے کمار کا تیقن

جگتیال (ایجنسیز) رکن اسمبلی ڈاکٹر سنجے کمار نے قومی شاہراہ کی توسیع کی وجہ سے اپنی زمین کھونے والے متاثرین کو یقین دلایا ہے کہ وہ ان لوگوں کی حمایت کرینگے۔ رکن اسمبلی نے جگتیال دیہی منڈل میں قومی شاہراہ کی توسیع میں کھوئی ہوئی زمین کا معائنہ دورہ کرتے ہوئے متاثرین سے ملاقات کر کے تفصیلات معلوم کیں۔ رکن اسمبلی نے متاثرین کو انصاف دلانے کا وعدہ کیا۔ انہوں نے بتایا کہ نیشنل ہائی وے 563 کا ہائی ویز اتھارٹی کے عہدیداروں نے سروے کیا۔ گاؤں میں 45 سے زائد مکانات اور 100 سے زیادہ کسانوں کے اپنی زمینوں سے محروم ہونے کا خدشہ ہے۔ انہوں نے بتایا کہ جگتیال، میٹ پلی، ملیالہ اور کونڈاگٹو تک ٹریفک ہے اس لئے وہ انترگام میں فلائی اوور اور انڈر پاس روڈ بنانا چاہتے ہیں۔ وہ اس سلسلہ میں دوبارہ سروے بھی کروائینگے اور دیکھنا چاہتے ہیں کہ یہ 100 فٹ سے زیادہ نہ ہو۔ اس موقع پر سابق سرپنچ نارائنا، نکلا رویندر ریڈی اور دیگر موجود تھے۔

نظام آباد میں درجہ حرارت 43 ڈگری کے قریب ریکارڈ

نظام آباد (ایجنسیز) سورج کی تپش میں دن بہ دن اضافہ ہی ہوتا جارہا ہے جس کی وجہ سے خواتین بیمار ہورہی ہیں۔ محکمہ موسمیات نے نظام آباد میں آرنج الرٹ کا اعلان کرتے ہوئے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ سورج کی تپش سے نظام آباد کے عوام ہیٹ اسٹروک کا شکار ہورہے ہیں۔ تمام سڑکیں سنسان ہورہی ہیں اور لوگ کولڈ ڈرنکس سے لطف اندوز ہورہے ہیں۔ اپریل کے مہینہ میں ہی گرمی کی لہر صبح 8 بجے شروع ہوتی ہے اور شام 6 بجے تک شدید رہتی ہے۔ موسم گرما کے آغاز پر ہی درجہ حرارت ریکارڈ حد تک پہنچ گیا ہے اور درجہ حرارت دن بدن بتدریج بڑھتا جارہا ہے۔ شہر میں سب سے زیادہ درجہ حرارت ریکارڈ کئے جانے سے لوگ خوف زدہ اور پریشان ہیں کیونکہ محکمہ موسمیات نے خبردار کیا ہے کہ اگلے دو سے تین روز تک درجہ حرارت میں اضافہ جاری رہے گا اور ژالہ باری بھی ہوگی۔

اعلان داخلہ برائے قدیم وجدید طلبہ

بنگلور (پریس ریلیز) نہایت مسرت کے ساتھ اطلاع دی جاتی ہے کہ شہر بنگلور جے پی نگر 9 واں فیز آولہلی میں مشہور ومعروف مدرسہ مدینۃ العلوم گذشتہ اکیس 21 سالوں سے قوم وملت کی خدمت کرتے ہوئے آج تک اپنے مقصد کی طرف رواں دواں ہے۔ جس میں شعبہ حفظ وناظرہ کے علاوہ عصری علوم یعنی انگلش، کنڑا، حساب اسکول کی تعلیم کا بھی بہترین نظام ہے۔ شعبہ حفظ میں ناظرہ قرآن کریم تجوید کے ساتھ پڑھنے والے طلبہ عمر 10 سال سے 12 سال تک ہوں داخلے کے مستحق ہونگے۔ قدیم وجدید طلبہ سے گزارش ہے کہ بروز پیر 22 اپریل 2024 کو اپنے والدین یا سرپرستوں کے ساتھ مدرسہ ہذا میں فوراً داخلہ کی کارروائی مکمل کرلیں۔

انتخابی عملہ، فرائض کی انجام دہی میں لاپرواہی نہ برتیں: مبصر دیپانکر مہاپاترا

بیدر (ایس این بی) بیدر لوک سبھا عام انتخابات کے لیے عام مبصر کے طور پر آئے دیپانکر مہاپاترا نے کہا کہ بیدر لوک سبھا عام انتخابات کے لیے تفویض کردہ عہدیداروں پر اعلیٰ ذمہ داریوں کی وجہ سے ہر ایک کو اپنے فرائض کو احتیاط سے انجام دینا چاہیے۔ انہوں نے چہارشنبہ کی شام کو ڈپٹی کمشنر دفتر کے اجلاس ہال میں بیدر لوک سبھا عام انتخابات کیلئے تفویض کردہ افسران کے ساتھ میٹنگ کی۔ انہوں نے کہا کہ چیک پوسٹوں پر گاڑیوں کی صحیح طریقے سے جانچ پڑتال کی جائے اور کسی قسم کی غیر قانونی آمدورفت نہ کی جائے اور مختلف کمیٹیوں کے نوڈل آفیسرز روزانہ کی رپورٹ بروقت دیں اور ہر کوئی اس بات کو یقینی بنائے کہ انتخابات میں کوئی بے ضابطگی نہ ہو۔ ضلع الیکشن افسر اور ڈپٹی کمشنر گوبندریڈی نے ضلع میں فیصد کے بارے میں بات کی۔ 85 فیصد پولنگ بوتھ سی سی ٹی وی کے ذریعے کور کیے جارہے ہیں۔ ضلع میں کل 1,528 پولنگ بوتھ ہیں، جن میں سے Critical پولنگ بوتھس 328 ہیں اور ضلع کے ہر ایک ودھان سبھا حلقہ میں 5 ساکھی پولنگ بوتھ تمام خواتین کے ہوں گے۔ اور انہوں نے الیکشن پر نظر رکھنے والوں کو بتایا کہ ایک یوتھ پولنگ اسٹیشن اور ایک خصوصی پولنگ اسٹیشن ہوگا۔ بین ریاستی سرحدیں پہلے ہی ایکسائز اور کمرشل ٹیکس سمیت دیگر حکام سے مل چکی ہیں۔ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر نے انتخابی مبصرین کو واضح کیا کہ ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر کے دفتر اور ہر اسمبلی حلقہ کے اے آر او دفاتر میں کنٹرول روم کھولے گئے ہیں اور الیکشن سے متعلق دیگر امور کی نگرانی کی جائے گی۔ ضلع پنچایت کے چیف ایگزیکٹیو آفیسر اور M.C.C. نوڈل آفیسر اور ضلع سویپ کمیٹی کے چیئرمین ڈاکٹر گریش بدولے نے کہا کہ ووٹنگ بیداری کے سلسلے میں ضلع میں کئی پروگرام چلائے جارہے ہیں۔ مختلف محکموں کے اشتراک سے اسکولوں، کالجوں اور ہاسٹلوں میں ووٹنگ بیداری پروگرام منعقد کیے جارہے ہیں۔ ضلع کے ہر تعلقہ میں واکتھون اور کرکٹ اور والی بال ٹورنامنٹس کا انعقاد کرکے ووٹنگ کے بارے میں بیداری پیدا کی جارہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ گرام پنچایت کے تحت ناریگا میں ووٹنگ بیداری کی جارہی ہے اور جن حلقوں میں ووٹنگ کم ہے وہاں ووٹنگ بڑھانے پر خصوصی زور دیا جارہا ہے۔ ضلع پولیس سپرنٹنڈنٹ چن بسونا ایس. ایل نے کہا کہ ضلع میں 32 پولیس اسٹیشن ہیں۔ چونکہ بیدر ضلع میں دوسرے مرحلے کی پولنگ چل رہی ہے، ہمارے پولس اہلکاروں کو پہلے مرحلے کی پولنگ ڈیوٹی کے لیے رام نگر اور چتر درگہ بھیجا جارہا ہے۔ 1,126 ہتھیار جو پہلے ہی باقی ضروری خدمات کے پاس رہ گئے تھے جمع کرائے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں بدمعاشی کرنے والوں کے خلاف کارروائی کی گئی ہے۔ اس میٹنگ میں پولیس مبصر جے ایس. راجپوت، بیدر اسسٹنٹ کمشنر لاویش اور ڈیا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سدرمیشور، الیکشن تحصیلدار انارا و پاٹل، اے آر او، اس موقع پر مختلف کمیٹیوں کے نوڈل افسران سمیت الیکشن کے لیے تفویض کردہ دیگر افسران اور عملہ موجود تھے۔

ایشور کھنڈرے کا جھوٹ کانگریس کے دیوالیہ پن کا ثبوت: بھگونت کھوبا

بیدر (ایس این بی) بی جے پی امیدوار بھگونت کھوبا، جو کہ انتخابات کا اعلان ہونے کے بعد سے ہی ضلع انچارج وزیر ایشور کھنڈرے پر تنقید کررہے ہیں۔ شہر میں بی جے پی ورکرس کنونشن میں برس پڑے۔ بھگونت کھوبا نے گنیش میدان میں منعقدہ جلسہ سے خطاب کیا۔ انہوں نے کانگریس امیدوار ساگر کھنڈرے پر بھی تنقید کی۔ انہوں نے ایشور کھنڈرے اور ان کے بیٹے کو چیلنج کیا کہ وہ ضلع کے لوگوں اور دلت رشتہ داروں کو بتائیں جن پر بھالکی میں ایک دلت وکیل کے قتل کا الزام ہے۔ بھگونت کھوبا نے ایک پرانا کیس نکالا جس کے دور میں جعلی بس ٹکٹ گھوٹالہ ہوا تھا۔ عدالت نے ایشور کھنڈرے کو 5 لاکھ روپے کا جرمانہ کیاں لگایا۔ ساگر کھنڈرے نے لوگوں کو بتانے کا مطالبہ کیا ہے۔ ایشورا کھنڈرے صرف جھوٹ بولتے ہیں۔ انہوں نے الزام لگایا کہ ان کا بیٹا ساگر کھنڈرے بھی اسی راستے پر چل رہا ہے۔ کئی دہائیاں گزرنے کے باوجود کارنجہ پراجیکٹ کی تعمیر مکمل نہیں ہوسکی۔ کسانوں کے کھیتوں میں پانی نہیں پہنچا۔ تاہم ہر سال نہروں کی مرمت پر کروڑوں روپے خرچ ہوتے ہیں۔ کانگریس پارٹی ضلع میں دیوالیہ ہوچکی ہے۔ الیکشن سے پہلے ایشور کھنڈرے ووٹروں کو راغب کریں گے۔ لوگوں کو ڈراتے ہیں۔ وہ لاکھوں روپے خرچ کرکے اپنے بیٹے کا کٹ آؤٹ لگاتے ہیں۔ کیلنڈر گھر گھر تقسیم کیا جاتا ہے۔ کھوبا نے کہا کہ یہ سب کانگریس کے دیوالیہ پن کا ثبوت ہیں۔ بھگونت کھوبا جس نے فصاحت کے ساتھ اپنی تقریر کا آغاز کیا، آخر تک کھنڈرے کے خاندان کو تند وتیز الفاظ میں خوب برستے رہے۔ انہوں نے کئی سنگین الزامات لگائے۔ مجھے چیلنج کرنے سے پہلے، ساگر کھنڈرے نے ضلع کے لوگوں کو اپنے خاندان کے خلاف الزامات کے بارے میں جواب دینے کا مطالبہ کیا۔ کنونشن میں بی جے پی ڈی ایس قائدین، کارکنوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس سے قبل شہر میں ایک بہت بڑا جلوس بھی نکالا گیا۔

مسلمان موجودہ حالات میں ووٹ کی قدر و قیمت کو سمجھیں: مولانا جمال الدین

بنگلور (پریس ریلیز) نماز جمعہ سے قبل مولانا محمد جمال الدین رشادی نے خطبہ جمعہ میں جمہوری ملک میں انتخابات ووٹ کا استعمال اور ہماری ذمہ داری کے موضوع پر بصیرت افروز خطاب کرتے ہوئے فرمایا ہمارا ملک ہندوستان جمہوری ملک ہے۔ یہاں جمہوری نظام حکومت ہے۔ انتخابات الیکشن اس لیے کرایا جاتا ہے عوام اچھے قابل امانت دار، دیانت دار، خدمت خلق کا سچا جذبہ رکھنے والے، انسانیت نواز، بلالحاظ مذہب و ملت انسانوں کے ہمدرد امیدواروں کو اپنے ووٹ سے کامیاب بنائیں۔ جو اپنی ذمہ داری کو بخوبی انجام دیں لوگوں کے کام آئیں۔ مولانا نے دوران خطاب فرمایا ہم اچھی طرح سمجھیں جمہوری ملک میں ووٹ کا استعمال ہمارا حق ہے، مسلمان موجودہ حالات میں ووٹ کی قدر و قیمت کو سمجھیں، اس کی طرف خاطر خواہ توجہ دیں۔ مولانا نے دوران خطاب فرمایا ہمارا ووٹ شہادت ہے، ہماری شہادت میں صداقت ہونی چاہیے، ہمارا ووٹ سفارش ہے، ہماری سفارش حق بجانب ہونی چاہیے، ملک کی فلاح و بہبودی کا خیال ہونا چاہیے، ہمارا ووٹ وکالت ہے، ہماری وکالت صحیح ہونی چاہیے، ہمارا ووٹ تعاون ہے، ہمارا تعاون ظالم کے حق میں نہ ہو ہمارا تعاون تو ظالم کے خلاف ہونا چاہیے۔ ملک میں 2024ء کے پارلیمانی انتخابات الیکشن ہورہے ہیں۔ ہم اجتماعی حکمت عملی کا مظاہرہ کرتے ہوئے سو فیصد ووٹ کریں ہمارا ووٹ ضائع نہ ہو، فرقہ پرست طاقتوں اسلام دشمن قوتوں کو حکومت بنانے کا کوئی موقع نہ دیں۔ حکیم الملت امیر شریعت مفتی اعظم حضرت علامہ شاہ محمد اشرف علی صاحب باقوی مہتمم و شیخ الحدیث دارالعلوم سبیل الرشاد بنگلور فرماتے تھے مسلمان اس ملک کے تحفظ کا ذمہ دار ہے، مسلمان اس ملک میں اجنبی نہیں ہے جو بے فکری اور بے نیازی کا مظاہرہ کریں، لہذا موجودہ الیکشن میں ہم مسلمانوں کی ذمہ داری ہے ایک ایک ووٹ کا حساب کرتے ہوئے حق رائے دہندگی کا لازمی طور پر استعمال کریں اور اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے اپنے مسلمان بھائیوں برادران وطن کو ووٹ کے استعمال کے تعلق سے بیدار کریں ان کو اس کی اہمیت اور افادیت بتائیں، ترغیب دلائیں، ہر شہری اپنے جمہوری حق کا صحیح استعمال کرے یہ وقت کی اہم ضرورت ہے، ہم اپنے ووٹ کو متحد کرنے کی بھرپور کوشش کریں۔ یاد رکھیں ہمارے بکھرے ہوئے ووٹ کی انتخابات میں کوئی قیمت نہیں ہوگی ہم متحد ووٹ سے ہی اپنا وزن اپنی حیثیت قائم کرسکتے ہیں۔ مفکر اسلام حضرت علامہ سید ابوالحسن علی ندوی ناظم اعلیٰ ندوۃ العلماء لکھنو، کاروان زندگی میں لکھتے ہیں کہ اگر قوم کو پنج وقتہ نمازی نہیں بلکہ سو فیصد تہجد گزار بنادیا جائے لیکن اس کے سیاسی شعور کو بیدار نہ کیا جائے اور ملک کے احوال سے ان کو واقف نہ کیا جائے تو ممکن ہے اس ملک میں آئندہ تہجد تو دور پانچ وقت کی نمازوں پر بھی پابندی عائد ہوجائے۔ نمونہ اسلاف امیر شریعت کرناٹک مفتی صغیر احمد خان رشادی مہتمم و شیخ الحدیث دارالعلوم سبیل الرشاد بنگلور نے ملت اسلامیہ کے نام اپنے پیغام میں موجودہ الیکشن میں ہمیں اپنی ذمہ داری کا احساس دلاتے ہوئے ہدایات جاری فرمایا ہے، ہم اجتماعی حکمت عملی اور سیاسی شعور کا ثبوت پیش کریں غفلت کا بلکل مظاہرہ نہ کریں۔ اللہ تعالیٰ ہمارے ملک کا نظام حکومت اچھے ہاتھوں میں عطا فرمائے، اللہ تعالیٰ ہماری مدد اور نصرت فرمائے، خیر کا فیصلہ فرمائے، ہماری حفاظت کا غیب سے انتظام فرمائے۔

نظام آباد میں ریٹائرڈ آر ٹی سی ایمپلائز اسوسی ایشن لیڈر ستیہ نارائنا کا پرچہ نامزدگی داخل

نظام آباد (ایجنسیز) پارلیمانی انتخابات کے شیڈول کی اجرائی کے ساتھ ہی نظام آباد حلقہ میں کاغذات نامزدگی داخل کرنے کا عمل شروع ہوگیا۔ کلکٹر راجیو گاندھی ہنمنتو بحیثیت الیکشن ریٹرننگ آفیسر ضلعی مرکز کے کلکٹریٹ آفس میں کاغذات نامزدگی وصول کررہے ہیں۔ انتخابی عمل کے پہلے دن ریٹائرڈ آر ٹی سی ایمپلائز اسوسی ایشن کے لیڈر رپیلی ستیہ نارائنا نے پارلیمانی حلقہ سے آزاد امیدوار کے طور پر اپنا پرچہ نامزدگی داخل کردیا جنہوں نے الیکشن ریٹرننگ آفیسر راجیو گاندھی ہنمنتو کو کاغذات نامزدگی پیش کئے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی کی کسی بھی حکومت نے ریٹائرڈ ملازمین کے مسائل کی پرواہ نہیں کی۔ انہوں نے کہا کہ وہ پارلیمانی امیدوار کی حیثیت سے موظف ملازمین کے مسائل کو خود حل کرنے کے لئے انتخابی میدان میں اترے ہیں۔ اسوسی ایشن کے اراکین اور کارپوریشن کے دیگر ملازمین نے بتایا کہ تقریباً 15 ہزار لوگوں نے ان کی حمایت کی ہے۔ اسی طرح اشوک راوت دہلی کے جنتر منتر پر کئی بار یہ مطالبہ کرچکے ہیں کہ ریٹائرڈ ملازمین کے مسائل کو حل کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ انہیں اشوک راوت کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ کاغذات نامزدگی کے آغاز پر کلکٹریٹ اور اطراف واکناف پولیس کی بھاری جمعیت کو تعینات کیا گیا ہے۔

ظہیرآباد میں جماعت اسلامی ہند کے ڈویژن سطح عید ملاپ پروگرامس

ظہیرآباد (ایس این بی) جماعت اسلامی ہند ظہیرآباد کے جنرل سکریٹری محمد معین الدین نے اپنے ایک پریس نوٹ میں بتایا کہ مقامی جماعت نے 4 ڈویژن کے عید ملاپ پروگرامس کو ترتیب دیا ہے جس کی تفصیل حسب صراحت ہے۔ 20/اپریل بروز ہفتہ بوقت بعد نماز مغرب بمقام اسلامیہ ماڈل اسکول گراؤنڈ گڑھی روڈ ظہیرآباد منعقد ہوگا جس کے مہمان خصوصی شیخ فرید ممبر ڈی آر یو سی سی سکندرآباد ڈویژن ہونگے۔ 22/اپریل بروز پیر بعد نماز مغرب اسلامک سنٹر لطیف روڈ ظہیرآباد منعقد ہوگا جس کے مہمان خصوصی ایم رام چندر صدر صدسد بھاونا فورم ظہیرآباد ہونگے۔ 21/اپریل بروز اتوار بوقت بعد نماز مغرب عوامی اسکول اسلامک سنٹر شانتی نگر ظہیرآباد زیر صدارت پروفیسر خالد مبشر الظفر امیر حلقہ جماعت اسلامی ہند تلنگانہ منعقد ہوگا جس کے مہمانان خصوصی رکن اسمبلی ظہیرآباد کے مانک راو اور سابق وزیر ڈاکٹر اے چندر شیکھر رہیں گے مذکورہ تمام پروگرامز کی نگرانی امیر مقامی محمد ناظم الدین غوری فرمائینگے۔ آپ سے معہ برادران وطن متعلقہ ڈویژن میں شرکت کی پرخلوص خواہش کی جاتی ہے۔

'کمار کی جانب سے سوامی سے خواتین کے بارے میں ایسے بیان کی امید نہیں تھی'

چکبالاپور (سہارا نیوز بیورو) سابق وزیراعلی ایچ ڈی کمارسوامی نے یہ کہہ کر ریاست کی خواتین کے جذبات کو ٹھیس پہنچائی ہے کہ خواتین کانگریس حکومت کے ضمانتوں پر بھٹک رہی ہیں۔ کانگریس حکومت نے بلاامتیاز سب کو فائدہ پہنچانے کیلئے 5 ضمانتیں دی ہیں۔ خاص طور پر ریاستی حکومت کے گرہ لکشمی اور گرہا جیوتی پروجیکٹوں کی وجہ سے ریاست کی خواتین کو بہت زیادہ فائدہ مل رہا ہے۔ سابق وزیر اعلی کمارا سوامی کا خواتین کے بارے میں اس طرح کے بیان کی امید نہیں تھی۔ یہ بات مہیلا کانگریس کی ضلع صدر یاسمین تاج نے کہی۔ صحافی بھون میں منعقد پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ایک ذمہ دار پوزیشن میں رہتے ہوئے اس طرح کی ان سے توقع نہیں تھی۔ ان کو فوری طور پر کو معافی مانگنی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ گمراہ خواتین نہیں ہوئی ہیں بلکہ کمارسوامی ایک ایسی پارٹی میں شامل ہو کر گمراہ ہو گئے ہیں جو غریب خاندانوں کی طرف سے خریدی گئی چھوٹی چیزوں سے ٹیکس وصول کرتی ہے۔ ہمیں آپ سے خواتین کے بارے میں ایسے بیان کی امید نہیں تھی۔